© rasailojaraid.com



تصانیف مولانا عبدالغفار حسن رحمانی

تبصرہ کتب

## (1) عظمت حدیث

منکرین حدیث بڑے عرصے سے سنت نبوی کے خلاف شکوک و شبہات پیدا کر رہے ہیں اس ضمن میں عبداللہ چکڑالوی ' غلام احمد پرویز اور ان کے ہمنواؤں نے مختلف تاویلات کے ذریعہ سے مغالطے پیدا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ مولانا عبدالغفار حسن صاحب کی یہ تصنیف حدیث کی حجیت اور قرآن و سنت کے درمیان باہمی ربط کو واضح کرتی ہے ۔ کتاب میں منکرین حدیث کے اعتراضات کا شافی جواب بھی دیا گیا ہے ۔ کتاب کا اسلوب واضح اور عام فہم ہے علماء و مفکرین اور عوامی حلقوں میں یکساں مقبولیت کی حامل ہے ۔ ورق و طباعت نہایت دیدہ زیب ہے ۔ کتاب میں مولانا عبدالجبار عمرپوری مولانا حافظ عبدالستار حسن عمرپوری اور مولانا صہیب حسن صاحب کے مقالات بھی شامل ہیں کتاب دارالعلم کی نشر کردہ ہے ۔ کل قیمت 72 روپے ہے ۔ اردو بازار کے کتب خانوں سے دستیاب ہے ۔

## (2) معیاری خاتون

یہ کتاب خواتین کی تربیت کے لئے تحریر کی گئی ہے ۔ مختصر سا کتابچہ ہے مگر قرآن و حدیث کی نصوص کی روشنی میں مسلمان عورتوں کی رشد و ہدایت کے لئے نہایت مفید ہے ۔ دیگر کتب کی طرح مولانا عبدالغفار حسن صاحب کی یہ تصنیف بھی مستند حوالوں اور قابل اعتماد نصوص پر مبنی ہے ۔ ہر خاتون کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے ۔

## (3) خطبہ نکاح کی تشریح

اس مختصر رسالے میں بہت خوب صورت انداز سے خطبہ نکاح کی تشریح کی گئی ہے اور مسلم معاشرہ میں خواتین کے مقام پر بھی بحث کی گئی ہے ۔ نکاح کے مقاصد اور

© rasailojaraid.com